پاکستان کے اوور فلائٹ کلیئرنس پر دئے گئے بیان کے حوالے سے میڈیا کے سوالوں پر سرکاری ترجمان کا جواب

02 دسمبر، 2025

پاکستان کے اوور فلائٹ کلیئرنس سے متعلق بیان کے حوالے سے میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے سرکاری ترجمان جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

ہم پاکستانی وزارت خارجہ کے اس مضحکہ خیز بیان کو مسترد کرتے ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ یہ بھارت کے خلاف غلط معلومات پھیلانے کی ایک اور کوشش ہے.

سری لنکا کے لیے امدادی اشیاء لے جانے والے پاکستانی طیارے کے اوور فلائیٹ کلیئرنس کی درخواست بھارتی ہائی کمیشن، اسلام آباد کو تقریباً 13:00 بجے مورخہ 01 دسمبر، 2025 کو موصول ہوگئی تھی.

فلاحی امداد کی فوری ضرورت کے پیش نظرحکومتِ ہند نے درخواست کو اسی دن تیزی سے نمٹایا اور طے شدہ سفرنامے کے مطابق مورخہ 01 دسمبر, 2025 کو 17:30 بجے ہوائی جہاز گزرنے کی اجازت دے دی.

بھارت اس مشکل گھڑی میں دستیاب تمام وسائل کے ذریعے سری لنکائی عوام کی مدد کے لیے پرعزم ہے.

نئی دہلی
02 دسمبر، 2025